نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

8اکتوبر 2010ء

برائے فوری اجراء

567/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکی معاون وزیر خارجہ برائے پناہ گزین ایرک پی شوارٹز کا دورۂ پاکستان

اسلام آباد (8اکتوبر 2010ء) ___ امریکہ کے معاون وزیر خارجہ برائے آبادی، پناہ گزین ونقل مکانی ایرک پی شوارٹز اس ہفتے پاکستان کا دورہ کریں گے۔ وہ جینوا، سوئٹزرلینڈ، سے آرہے ہیں جہاں انھوں نے پناہ گزینوں کیلئے اقوام متحدہ کے ہائی کمشنر (یو این ایچ سی آر) کی مجلس عاملہ کے اجلاس میں شرکت کرنے والے پاکستان کے اعلیٰ حکام سے ملاقات کی۔

پاکستان میں معاون وزیر خارجہ شوارٹز پاکستان حکام اور بین الاقوامی اداروں کے نمائندوں سے ملاقاتیں کریں گے جن میں پناہ گزینوں کیلئے اقوام متحدہ کے ہائی کمشن (یو این ایچ سی آر)، ریڈ کراس کی بین الاقوامی کمیٹی (آئی سی آر سی) اور سیلاب زدہ علاقوں میں امدادی کارروائیوں میں شریک دیگر عالمی اور غیر سرکاری اہلکار شامل ہیں۔ جناب شوارٹز اس امر کا جائزہ لیں گے کہ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر دیئے گئے عطیات سیلاب میں زندہ بچ جانے والے لوگوں کی فوری ضروریات کو پورا کرنے کیلئے کس طرح استعمال کئے گئے ہیں۔ پیچیدہ ہنگامی ردعمل کو مزید مربوط بنانے اور طویل عرصے تک پناہ گزین رہنے والے افراد اور ملک میں لڑائی سے متاثر اور بے گھر ہونے والوں کیلئے امداد بڑھانے کی غرض سے حکومت پاکستان اور انسانی ہمدردی کی بنیاد پر خدمات سرانجام دینے والے اشتراک کاروں کے ساتھ مل کر کام کرنا امریکی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

جینوا میں پاکستانی حکام کے ساتھ ملاقات کے بعد جناب شوارٹز اُن افغان پناہ گزینوں کو مقامی آبادی میں شامل کرنے کے حوالے سے بھی بات چیت کریں گے، جنہیں ان کے وطن واپس بھجوانا یا کسی تیسرے ملک میں دوبارہ بسانا کوئی دیرپا حل نہیں ہے۔

###

مزید پریس ریلیز کیلئے ہماری ویب سائیٹ: http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11-اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3